بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

Bihar State Madrasa Education Board

Apex Tower,Haroon Nagar Sector-2, Phulwari Sharif, Patna

فوقانیہ اور مولوی امتحانات 2023 کا Dummy رجسٹریشن کارڈ 10 جون سے آن لائن جاری: عبدالسلام انصاری

رجسٹریشن کارڈ کے اصلاح کیلئے 17 جون تک help.bsmeb@gmail.com پر درخواست کریں: ڈاکٹر محمد نور اسلام

پٹنہ مورخہ 09 جون 2023ء

ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے فوقانیہ ومولوی کے طلباء وطالبات اور گارجین حضرات کو بحکم چیئرمین اطلاع دی ہے کہ سال 2023 کے فوقانیہ ومولوی امتحانات کا Dummy رجسٹریشن کارڈ بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ پٹنہ کے ویب سائٹ۔ www.bsmeb.org پر مورخہ 10.06.2023 سے آن لائن جاری کیا جارہا ہے تاکہ طلبا وطالبات وگارجین حضرات رجسٹریشن کارڈ کو اچھی طرح جانچ لیں، اگر اس میں کسی طرح کی کوئی غلطی پائی جاتی ہے تو اس کی اصلاح کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔ (Dummy) ڈمی رجسٹریشن کارڈ بورڈ کے ویب سائٹ پر موجود لنک (Link) بنام:۔ Dummy Registration Fauquania/moulvi سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد نور اسلام کنٹرولر آف اکزامنیشن نے طلبا وطالبات کو واضح کیا ہے کہ رجسٹریشن کارڈ ڈاؤن لوڈ کر کے اسے جانچ لیں، ڈمی کارڈ میں اگر تصویر یا دستخط یا دونوں موجود نہیں ہے تو اسے آن لائن ہی اپلوڈ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر طرح کی کوئی غلطی ہو جیسے (نام، والد کے نام، والدہ کے نام) وغیرہ کا اصلاح کرانا ہے تو اس کیلئے بورڈ کے میل آئی ڈی۔ help.bsmeb@gmail.com پر ایک درجہ پہلے کا یعنی فوقانیہ امیدوار وسطانیہ، مولوی امیدوار فوقانیہ سرٹیفکٹ منسلک کر کے مورخہ۔ 17.06.2023 تک درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست پر کاروائی گزشتہ سرٹیفکٹ کی بنیاد پر ہی کی جائے گی۔ ساتھ ہی یہ بھی واضح کرنا ہے کہ والد کے نام اور والدہ کے نام میں Spelling Mistake ہے تو اس کی اصلاح کی جائے گی نام کی تبدیلی پر ہرگز کاروائی نہیں کی جائے گی۔

09.6.2023

(ڈاکٹر محمد نور اسلام)

کنٹرولر آف اکزامنیشن

بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ